# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 1 | سبق کا نام: ایک دوسرے کا سہارا | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم" تصویریں، لفظی جیب، سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے 2 گروہ بنا دیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک تصویر دیں بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو تصویر آئی ہے اسے دیکھیں اور آپس میں بات چیت کریں کہ اس تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں؟ بچے جو کام کر رہے ہیں ان کا کیا فائدہ ہے؟ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے کسی ایسے بچے کو تصویر سمیت بلائیں جو جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے جھجکتا ہو۔
- اس سے کہیں کہ وہ تصویر بورڈ پر چسپاں کر کے جماعت کے بچوں کو بتائے کہ اس تصویر میں بچے کیا کام کر رہے ہیں؟ اس طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہ کے سے بھی کروائیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- بیماروں کا علاج کون کرتا ہے؟
- آپ کے ابو جان کون سا کام کرتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ زندگی گزارنے کے لیے انسان کو مختلف چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انسان مختلف کام کرتا ہے۔ یہ کام پیشے کہلاتے ہیں۔

- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کا غذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند "تلفظ سیکھیں" الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں۔
- سبق کو تین حصوں میں تقسیم کر دیں۔ اب 3 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 3 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف یا جملوں کی خواندگی کروائیں۔ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں سے سبق کے حوالے سے سوالات کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سبق کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 2 | سبق کا نام: ایک دوسرے کا سہارا | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، گتے کا ڈبا، الفاظ کے کارڈ اور اسٹکی نوٹ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ" اور دوسرے میں "معانی" لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 59 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "ٹیسٹ" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں، اور اس کا معانی لکھیں: امتحان۔ اسی طرح مشق یہ نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنادیں۔
- سبق کے چار سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔
- کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔
- پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔<br>• اب بورڈ پر یہ سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے پہلے 2 سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوال کا جواب کاپیوں پر لکھیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: ایک دوسرے کا سہارا | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

پیشوں کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹڈ زاردو جماعت دوم کی کتاب۔ سوالات کی پرچیاں، کارڈ، ٹوکری، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں، ان کی خیریت اور گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- سبق کے اعادہ کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 59 پر دیے گئے سوالات کی پرچیاں بنا کر جماعت میں لائیں۔
- جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- اب ایک ٹوکری میں سوالات کی پرچیاں ڈال کر باری باری چاروں گروہوں کے پاس جائیں اور ان کے لیڈر سے کہیں کہ وہ ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھالیں۔
- پھر ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر باہم مشورے سے دیں۔
- مخصوص وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر سے کہیں کہ وہ آئے اور اپنی پرچی پر لکھا ہوا سوال اور اس کا جواب باقی بچوں کو پڑھ کر سنائے۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ کے بچے درست جواب لکھیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 59 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی چار پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو چار گروہوں میں تقسیم کریں ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں چاروں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری تینوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھالیں۔

- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچی کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ بنا کر دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، اور ان میں درست پیشے کی نشان دہی کریں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟ اب اس جملے میں موجود پیشے کو درست کر کے لکھیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے پیشوں کو درست کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ ورک شیٹ حل کرنی ہے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(الف) کرسی پر بیٹھے اخبار پڑھ رہے تھے:

چچاجان　　　　داداجان　　　　ابوجان

(ب) فاطمہ کا ٹیسٹ تھا:

اُردو کا　　　　اسلامیات کا　　　　سائنس کا

(ج) عمارتوں اور پلوں کے نقشے بناتے ہیں:

ڈاکٹر　　　　مزدور　　　　انجینئر

(د) ملک کی سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں:

فوجی　　　　انجینئر　　　　اُستاد

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: ایک دوسرے کا سہارا | |

**مقاصد:** ارکان کو درست ترتیب سے لکھ سکیں۔

امر و نہی کے جملے بنا سکیں۔

الفاظ میں موجود ارکان الگ الگ کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، الفاظ کی لڈو، چارٹ کی بنی ہوئی قلفیاں، پاسا، بوتلوں کے ڈھکن، تصویریں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ سب تیار ہو جائیں، ہم اب ایک دل چسپ کھیل کھیلیں گے۔
- اب فرش پر مختلف چیزوں کی تصاویر پر مبنی لڈو بچھائیں۔ اب کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے پاسا (Dice) دیں اور اس سے کہیں کہ وہ لڈو پر گھما کر پاسا پھینکے۔ پھر وہ پاسا جس تصویر پر رکے گا، وہ بچہ اس تصویر کا نام بتائے گا اور کے نام میں موجود ارکان الگ کرے گا۔
- اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے مختلف بچوں سے کروائیں۔ درست طور پر یہ سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کے ارکان کو درست ترتیب سے لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب تختۂ تحریر پر لفظ "چی - مو" لکھیں۔ بچوں سے لفظ پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ ان ارکان کو کیسے ترتیب دیا جا سکتا ہے۔؟ جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اب بورڈ پر اگلے بے ترتیب ارکان لکھیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 5 کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپ جملے بولیں گے یا گی۔ انھوں نے ان جملوں کو غور سے سننا ہے۔ اور پھر ان کے بے ترتیب ارکان کو ترتیب دینا ہے درست ترتیب دینے والے گروہ کو شاباش دیں۔
- اب بورڈ پر مندرجہ ذیل جملے لکھیں۔
  - ✓ وقت پر کھانا کھاؤ۔
  - ✓ ذرا آہستہ چلو۔

- جملے پڑھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ جملے **فعل** امر کے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ **فعل** جس میں کسی کام کے کرنے کا حکم دیا جائے، اسے "**فعل** امر" کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔
- اب بورڈ پر مندرجہ ذیل جملے لکھیں۔
  - ✓ فضول باتیں مت کرو۔
  - ✓ زمین پر نہ بیٹھو۔
- جملے پڑھیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ جملے **فعل** نہی کے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ **فعل** جس میں کسی کام کے کرنے سے منع کیا جائے، اسے "**فعل** نہی" کہتے ہیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے اس کی وضاحت کریں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں **فعل** امر کی اور دوسرے میں **فعل** نہی کی سرخی لکھ دیں۔ اب **فعل** امر والے کالم میں سوال نمبر 7 کے تحت دیے ہوئے جملے لکھیں۔۔ اب ان جملوں کو **فعل** نہی میں تبدیل کر کے **فعل** نہی کے خانے میں لکھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر بھی کروائیں۔

| فعل امر | فعل نہی |
| --- | --- |
| اپنا قلم میز سے اٹھاؤ۔ | اپنا قلم میز سے مت اٹھاؤ۔ |

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں، غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سوال نمبر 7 میں دیے گئے جملے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے ان جملوں کو **فعل** نہی میں تبدیل کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) کیے گئے کام کی گھر میں دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: ایک دوسرے کا سہارا | |
| **مقاصد:** ایک سے تیس لفظی اور ہندسی گنتی لکھ سکیں۔<br>دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کٹز اُردو جماعت دوم کی کتاب، ایک سے تیس ہندسوں پر مشتمل پرچیاں، | | |

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- ایک سے تیس تک ہندسے کی کوئی سی دس پرچیاں بنائیں۔
- یہ پرچیاں بچوں میں تقسیم کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ پرچیوں پر دیے گئے ہندسوں کے آگے ان کی اُردو ہندسی اور لفظی گنتی لکھیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کے لیڈر کو بلا کر انھیں پرچیاں بورڈ پر چسپاں کرنے کے لیے کہیں درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہم گنتی کا استعمال چیزوں کی تعداد گننے کے لیے کرتے ہیں۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں ایک کالم میں اردو ہندسے اور دوسرے میں لفظی گنتی کی سرخی لکھ دیں۔ بچوں سے ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- ساتھ ساتھ ہر ہندسے کے سامنے اس کی لفظی گنتی لکھتے جائیں۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | ۷ | | ۱۳ | | ۱۹ | | ۲۵ | |
| ۲ | | ۸ | | ۱۴ | | ۲۰ | | ۲۶ | |
| ۳ | | ۹ | | ۱۵ | | ۲۱ | | ۲۷ | |
| ۴ | | ۱۰ | | ۱۶ | | ۲۲ | | ۲۸ | |
| ۵ | | ۱۱ | | ۱۷ | | ۲۳ | | ۲۹ | |
| ۶ | | ۱۲ | | ۱۸ | | ۲۴ | | ۳۰ | |

- سوال نمبر 9 میں پوچھا گیا سوال بورڈ پر لکھیں۔ "ہر پیشہ اہم کیوں ہے؟"
- طلبہ سے اس کا جواب لیں۔ اس کام کے لئے انہیں وقت دیں۔ اور آپس میں بات چیت کا موقع دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد طلبہ کو کہیں کہ پانچ سے سات جملوں میں اپنا نکتہ نظر پیش کریں۔
- سوال نمبر 10 میں دیئے گئے اشاروں کی تصاویر بورڈ پر چسپاں کریں۔ اور بچوں کو بتائیں کہ یہ اشارے کن موقعوں پر استعمال کیے جاتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر ایک سے تیس تک اردو ہندسی گنتی لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی لفظی گنتی لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی مشق دہرائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: اچھا بچہ | |

**مقاصد:** نظم درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، لفظی جیب، مشکل الفاظ کے کارڈ، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- اپنی کوئی سی تین اچھی عادات بتائیں۔
- کیا آپ دوسروں کی مدد کرتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ع۔ آج ہم ان کی لکھی ہوئی ایک خوب صورت سی نظم پڑھیں گے۔
- نظم کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔
- نظم میں دیے گئے "تلفظ سیکھیں" الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔ بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھالیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- اب بچوں کے 2 گروہ بنادیں۔ انھیں نظم کا ایک ایک بند تفویض کر دیں۔

- نظم کی با آواز بلند خواندگی کریں۔
- اس دوران میں ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختۂ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ بند پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔ جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بنا کر ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری پرچیاں نکالیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے نظم کے مختلف اشعار کی بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا سبق دہرا کر آئیں۔